SWIS-H
STATEWIDE INFANT
SCREENING - HEARING

میرے بچے کو سماعت کے تشخیصی جائزے کیلئے ڈائریکٹ کیوں ریفر کیا گیا ہے؟

آپ کے بچے کو زندگی کے ابتدائی چند ہفتوں میں صحت کے کئ معائنوں کی پیشکش کی جائے گی۔ ان میں سے ایک معائنے کا مقصد سماعت سے محرومی کا پتہ چلانا ہے۔

بچے کی پیدائش کے بعد جلد از جلد سماعت کی سکرین (معائنہ) پیش کی جائے گی۔ تاہم کچھ بچوں کیلئے سکرین موزوں نہیں ہوتی کیونکہ ان بچوں کے معاملے میں ممکن ہے کہ سکرین عین درست نہ ہو۔ ان بچوں کو تشخیصی جائزے کیلئے ڈائریکٹ ایک آڈیولوجسٹ کے یہاں ریفر کر دیا (بھیجا) جاتا ہے جو ماہر سماعت ہوتا ہے۔

میرے بچے کو سماعت کے تشخیصی جائزے کیلئے ڈائریکٹ کیوں ریفر کیا گیا ہے؟

ڈائریکٹ ریفر کرنے کی وجوہ میں سے کچھ یہ ہیں:

- Atresia (کان کا اندرونی راستہ موجود نہ ہونا)
- Microtia (نامکمل یا ناقص بناوٹ والا کان)
- بیکٹریا یا وائرس کی وجہ سے دماغی جھلّی کا ورم (جس کی تصدیق یا شبہ موجود ہو)
- ہونٹ/تالو کی ہڈی میں شگاف
- ڈاؤن سنڈروم

جن بچوں کو انتہائی نگہداشت میں رکھا گیا ہو، انہیں بھی SWIS-H کوآرڈینیٹر (منتظم)، ماہر امراض بچگان سے مشورے کے بعد، تشخیصی جائزے کیلئے ڈائریکٹ ریفر کر سکتا ہے باوجود اس کے یہ بچے پہلے ہی سماعت کی سکرین پاس کر چکے ہوں۔

ہر ۱۰۰۰ بچوں میں سے ایک یا دو کے قریب بچے بڑی حد تک سماعت سے محروم ہوتے ہیں۔

یہ جلد از جلد پتہ چلانا اہم ہے کہ آپ کا بچہ کتنی اچھی طرح سن سکتا ہے تاکہ آپ کو اور آپ کے بچے کو درست مشورہ اور مدد مل سکے۔

آپ کو جس ہسپتال سے رابطے کیلئے ریفر کیا گیا ہے، اگر آپ اس سے ۱۰۰ کلومیٹر سے زیادہ فاصلے پر رہتے ہیں تو اس شخص سے SWIS-H کی سفری مدد کی سکیم کے بارے میں پوچھیں جس نے آپ کو یہ بروشر دیا ہے۔

تشخیصی جائزے کے بارے میں مزید معلومات کیلئے یہ بروشر دینے والےشخص سے کہیں کہ وہ آپ کو ‹میرے بچے کو تشخیصی جائزے کی ضرورت کیوں ہے؟› بروشر دے۔

براہ مہربانی مزید معلومات کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائیٹ دیکھیں:

http://www.health.nsw.gov.au/kids-families

مقامی رابطہ / ملاقات کے وقت کی تفصیلات

صحت کے بارے میں مشورے کیلئے *healthdirect Australia*
(ہیلتھ ڈائریکٹ آسٹریلیا) سے رابطہ کریں
http://www.healthdirect.gov.au/
1800 022 222

Urdu - Why has my baby been referred directly for a diagnostic audiology assessment?

© NSW Health September 2016 SHPN (NKF)150286

NSW GOVERNMENT | Health